یونیورسٹی آف کوٹلی آزاد جموں و کشمیر

دفتر تعلقاتِ عامہ

04اکتوبر،2025ء

## یونیورسٹی آف کوٹلی آزاد جموں و کشمیر میں داخلوں کی تاریخ میں 09اکتوبر تک توسیع

کوٹلی( ) گزشتہ ہفتے سے جاری ریاستی صورتحال اور انٹرنیٹ سروس کی معطلی کے باعث یونیورسٹی آف کوٹلی آزاد جموں و کشمیر نے بی ایس، ایم ایس، ایم فل، پی ایچ ڈی، ایسوسی ایٹ ڈگری اور بی ایس ففتھ سمسٹر پروگرامز میں داخلوں کی آخری تاریخ میں توسیع کرتے ہوئے نئی آخری تاریخ 09 اکتوبر 2025ء مقرر کر دی ہے۔

رجسٹرار آفس سے جاری اعلامیے کے مطابق انٹری ٹیسٹ، جو قبل ازیں 05اکتوبر 2025ء کو منعقد ہونا تھا، اب 12 اکتوبر 2025ء کو منعقد کیا جائے گا۔ اس ضمن میں مزید معلومات اور رہنمائی کے حصول کے لیے امیدوار ڈائریکٹوریٹ آف اسٹوڈنٹس افیئرز سے براہِ راست رجوع کر سکتے ہیں یا دفتری اوقات میں فون نمبر 0582696000 7پر رابطہ کر سکتے ہیں۔